# ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبیؐ — سب سے بالا و والا ہمارا نبیؐ

اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبیؐ — دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبیؐ

بزمِ آخر کا "شمع فروزاں" ہوا — نورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبیؐ

خلق سے اولیا، اولیا سے رُسُل — اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبیؐ

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی — اِن کا اُن کا تمہارا ہمارا نبیؐ

لامکاں تک اجالا ہے جس کا وہ ہے — ہر مکاں کا اُجالا ہمارا نبیؐ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں — شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبیؐ

جس کے تلووں کا دُھووَن ہے آبِ حیات — ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبیؐ

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل — ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبیؐ

غمزدوں کو رضاؔ مژدہ دیجے کہ ہے — بیکسوں کا سہارا ہمارا نبیؐ

(مولانا احمد رضا خاں بریلویؔ)

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

# مشق

## پڑھیے اور سمجھے

اولیٰ - بہتر

اعلیٰ - بلند

بالا - بلند

والا - حاکم، مالک

عالم - دنیا

بزم - محفل

شمع - چراغ۔ وہ چراغ جو پرانے زمانے میں محفلوں میں روشن کیا جاتا تھا

فروزاں - روشن

نور - روشنی

خَلق - عام بندے

رُسُل - رسول کی جمع (پیغمبر)

لامکاں - زمین و آسمان سے آگے کی دنیا

آبِ حیات - وہ پانی جسے پی کر انسان ہمیشہ کی زندگی حاصل کر لے۔

مسیحا - مددگار و معالج

مُژدہ - خوش خبری

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

## غور کرنے کی باتیں:

یہ نظم ''نعت'' کہلاتی ہے۔ نعت میں خدا کے رسول ﷺ کی تعریف وتوصیف بیان کی جاتی ہے۔ یہ نعت اردو کے ایک بڑے شاعر مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی ہے اور مشہور ومقبول ہے۔ اِس میں انہوں نے حضور اکرم ﷺ کی بہت سی خوبیوں اور صفتوں کا ذکر کیا ہے۔ ہر شخص کو اللہ کے رسول کی تعریف وتوصیف کرنی چاہئے۔

نظم میں دو مختلف الفاظ کو ملا کر ایک مرکب لفظ بنایا گیا ہے۔ جیسے شمع اور فروزاں سے مل کر ''شمعِ فروزاں'' اسی طرح مزید چند الفاظ نظم سے تلاش کیجیے اور اپنی کاپی میں لکھیے۔

## درج ذیل سوالوں کے جواب ایک ایک جملے میں دیجیے:

۱۔ ہمارے نبیؐ کا پورا نام کیا ہے؟

۲۔ ہمارے نبی کن کن لوگوں سے افضل ہیں؟

۳۔ کس کے تلووٴں کا دھوٴون آبِ حیات ہے؟

## درج ذیل سوال کا جواب پانچ جملوں میں لکھیے:

۱۔ اس نظم میں شاعر نے نبی کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

## خالی جگہوں کو دیئے ہوئے الفاظ سے بھریئے:

۱۔ ہمارے نبی کا نام ............... ہے (محمد/موسیٰ)

۲۔ ہمارے نبی ............... سے افضل ہیں (اولیا/خلق)

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

۳۔ ہمارے نبی رحمت کا.................. ہیں (ندی/دریا)

درج ذیل الفاظ سے جملے مکمل کیجیے:

اعلیٰ رسول اجالا سہارا شمع دریا بالا فروزاں بزم خلق

ان لفظوں کی ضد (الٹا) لکھیے:

آخر اعلیٰ اجالا غم لامکاں

مصرعوں کو مکمل کیجیے:

۱۔ دونوں عالم کا.......... ہمارا نبیؐ

۲۔ جیسے سب کا.................. ایک ہے ویسے ہی

۳۔ ان کا ان کا.................. نبی

۴۔ .................. کا سہارا ہمارا نبی

درج ذیل سوالوں کے صحیح جواب چنیے:

۱۔ کس کے آگے سبھی مشعلیں بجھ گئیں؟

(الف) ہوا (ب) دیا

(ج) شمع (د) سورج

۲۔ ہمارے نبی ﷺ کن سے افضل ہیں؟

(الف) نبیوں سے (ب) رسولوں سے

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

(ج) انسانوں سے (د) سب سے

۳۔ ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟

(الف) موسیٰ (ب) عیسیٰ

(ج) محمد ﷺ (د) داوٗد

۴۔ درج ذیل اشعار کے معنی تفصیل سے لکھیے۔

بزمِ آخر کا ''شمعِ فروزاں'' ہوا
نورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبیؐ

جس کے تلووں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی

عملی سرگرمیاں:

اس نعت کو یاد کیجیے اور گھر میں دوسروں کو ترنم سے سنائیے۔

اس نعت کے علاوہ بھی بہت سی اچھی نعتیں ہیں۔ایسی دو تین نعتیں تلاش کر کے لکھیے۔

-☆-

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)